تیسرا ون ڈے: بنگلہ دیش انڈر 19 نے پاکستان انڈر 19 ٹیم کو 4 وکٹوں سے ہرادیا

راجشاہی، 11 مئی 2023:

بنگلہ دیش انڈر 19 نے پاکستان انڈر 19 کو تیسرے ون ڈے میں 4 وکٹوں سے شکست دیدی۔

پانچ میچوں کی اس سیریز میں پاکستان انڈر 19 کو دو ایک کی سبقت حاصل ہے۔ چٹوگرام میں اس نے پہلا میچ 9 وکٹوں سے اور دوسرا میچ 78 رنز سے جیتا تھا۔

تیسرے ون ڈے میں بنگلہ دیش انڈر 19 نے ٹاس جیت کر پہلے پاکستان انڈر 19 کو بیٹنگ دی۔

مہمان ٹیم 41 اعشاریہ 4 اوورز میں 154 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

گزشتہ میچ کے سنچری میکر آزان اویس صرف 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے۔ شاہ زیب خان صرف 3 رنز بنا سکے۔

یہ دونوں وکٹیں 5 کے مجموعی اسکور پر گرگئیں جس کے بعد شامل حسین اور طیب عارف نے 31 رنز کی شراکت قائم کی۔ دونوں بیٹسمین سترہ سترہ رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

کپتان سعد بیگ نے 42 گیندوں پر چار چوکوں ایک چھکے کی مدد سے 35 رنز اسکور کیے۔ عرفات منہاس نے 28 اور علی اسفند نے آؤٹ ہوئے بغیر 27 رنز بنائے۔

میزبان ٹیم کی طرف سے روحانت بورشن نے 22 اور اقبال حسن ایمون نے 30 رنز دے کر تین تین وکٹیں حاصل کیں۔ وکٹ کیپر عادل بن صدیق نے پانچ کیچ لیے۔

جواب میں بنگلہ دیش انڈر 19 نے 26 اوورز میں مطلوبہ اسکور چھ وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا۔ وکٹ کیپر بیٹسمین عادل بن صدیق آٹھ چوکوں کی مدد سے 36 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہے۔ شہاب جیمز نے 27 رنز کی اننگز کھیلی۔

پاکستان انڈر کی طرف سے ایمل خان نے 36 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور۔

پاکستان انڈر 19 ۔ 154 رنز (41 اعشاریہ 4 اوورز) سعد بیگ 35۔ روحانت بورشن 22/3۔ اقبال حسن ایمون 37/3۔

بنگلہ دیش انڈر 19 ۔ 155 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (26 اوورز)۔ عادل بن صدیق 36۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial